# ABC 4

# میری زبانی



## تفصیل

بچے اس پروجیکٹ کے دوران مختلف حروف سیکھیں گے، تصویریں بنائیں گے اور حروف کے مطلب کو سمجھ کے ایک منفرد حرفِ تہجی کی کتاب تیار کریں گے۔

## اہم سوال

کیا آپ حرف تہجی کی کتاب بنا سکتے ہیں؟

## مضامین

انگریزی اور ڈرائنگ

## کُل وقت درکار


7 گھنٹے 6 دن سے میں

## خود رہنمائی / زیرنگرانی سرگرمی

اس پروجیکٹ میں بچے کو والدین کی نگرانی کی زیادہ ضرورت ہو گی۔

## وسائل درکار

نوٹ بک ، پنسل ، ربڑ اور رنگ



# پہلا دن

## پروجیکٹ کا تعارف

20 منٹ

سلام بچوں؛ کیسے ہیں آج آپ؟ آج ہم بہت ہی دلچسپ پروجیکٹ شروع کرنے جا رہے ہیں اور مجھے پورا یقین ہے کہ آپ اگلے کچھ دنوں میں بہت کچھ سیکھیں گے۔ لیکن اس سے پہلے ذرا تھوڑی سی ورزش کرتے ہیں تا کہ ہم پوری توانائی کے ساتھ آج کام کر سکیں۔

- سب سے پہلے اپنی جگہ پر کھڑے ہوجائیں پھر دُوڑ لگا کر گھر کے دروازے کو چھو کر واپس جلدی سے دوبارہ اپنی جگہ پر واپس آجائیں۔
- باورچی خانے میں جا کر اپنے لئے ایک گلاس پانی لے کر آئیں۔
- گھر میں سے تین پینسلز ڈھونڈیں اور جلدی سے واپس اپنی جگہ پر آئیں۔
- اپنی جگہ پر ہی رہتے ہوئے دس دفعہ اُٹھک بیٹھک کریں۔

اب بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں

1. جب آپ بھاگ کر گئے تھے تو گھر میں کون سی چیز کو ہاتھ لگایا تھا؟ دروازے کو انگلش میں "ڈور" کہتے ہیں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ انگریزی کے کون سے حرف سے شروع ہوتا ہے۔
2. آپ نے اپنے گلاس میں کیا چیز ڈالی تھی؟ پانی کو انگریزی میں "واٹر" کہتے ہیں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ واٹر کون سے انگریزی حرف سے شروع ہوتا ہے؟
3. آپ گھر میں کیا چیز ڈھونڈ رہے تھے؟ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پینسل کون سے انگریزی حرف سے شروع ہوتا ہے؟


زبردست؛ آپ تو کافی جلدی سیکھ رہے ہیں۔ ہم کچھ دن اسی طرح کے مزے دار ایکٹیویٹیز کریں گے۔ جس سے ہم بہت کچھ سیکھیں گے اور ایک حرفِ تہجی کی کتاب بنائیں گے۔ جس میں بہت ساری تصویریں بھی ہو گی۔


کیا آپ اپنی زندگی کی پہلی کتاب لکھنے کے لیے تیار ہیں؟

20
منٹ

# حرفِ تہجی کی کتاب اور الفاظ کی نشاندگی

اگر آپ کے گھر میں کوئی ABC کی کتاب موجود ہے تو اپنے بچوں کو وہ کتابیں دکھائیں تاکہ وہ جان سکیں کہ ہم کس طرح کی کتاب بنانے جا رہے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل دی گئیں تصویریں بھی ان کو دکھا سکتے ہیں۔




کتاب دکھاتے ہوئے بچوں کو کچھ ہدایات بھی دیں۔ جیسے کہ

- حروفِ تہجی سیکھتے ہوئے ضروری ہے کہ ہم حرف کے لکھے جانے والے دونوں طریقے سمجھیں۔ جس سے چھوٹا حرف [a] اور بڑھا حرف کہتے ہیں [A]۔ مثال کے طور پر: Cc,Bb,Aa......

- ہر حرف کے ساتھ اُس سے شروع ہونے والے دو لفظ تصویروں کے ذریعے بھی بنائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، A سے Apple اور Ant، B سے Ball اور Bird.

- تصویریں بنانے والی مشق بہت دلچسپ لگ رہی ہے۔ ہمیں ڈرائنگ کرنے میں بہت مزہ آئے گا۔ ہم اس کو اور بھی منفرد بنا سکتے ہیں اگر ہم تصویروں کو دو اقسام میں تقسیم کردیں، جاندار اور بےجان۔ کیا آپ مجھے ان دو اقسام کی مثالیں دے سکتے ہیں؟ پرندے، انسان، جانور، درخت سب جاندار چیزوں کی مثالیں ہیں۔ بے جان چیزوں کی مثال ہے ٹی وی، ٹیلی فون، کتاب، قلم، پینسل وغیرہ۔

- اب بچوں کے ساتھ (A-Z) کے حروف سے جاندار اور بےجان چیزوں کی مثالیں ڈھونڈیں، کوشش کریں کہ ایسی مثالیں سوچیں جو آپ کے گھر میں موجود ہوں۔

### خالی کتاب متعارف کروائیں

بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اُن کی اِس سرگرمی میں دلچسپی بڑھائیں اور بتائیں کہ وہ اپنی زندگی کی پہلی کتاب لکھنے جا رہے ہیں۔ سب سے پہلے اُن کو خالی کتاب دکھائیں اور بتائیں کہ اس کتاب میں وہ تصویریں بنائیں گے اور حروفِ تہجی لکھیں گے اور جب یہ کتاب مکمل ہو گی تو بالکل ویسے ہی لگے گی جیسے کوئی سکول کی کتاب۔

پہلے دن بچے یہ آٹھ حروف سیکھیں گے:

**A,B,C,D,E,F,G,H**

1. بچوں کو ہدایت دیں کہ سب سے پہلے اونچی آواز میں آج کے آٹھ حروف پڑھیں:

**A,B,C,D,E,F,G,H**

2. اب بچے ایک ایک کر کے خالی کتاب میں حروف لکھیں گے۔ بڑے اور چھوٹے حروف:

**Aa Bb Cc Dd**
**Ee Ff Gg Hh**

(ایک پیج پر ایک ہی حرف لکھا جائے گا اور ہر حرف والے پیج پر دو تصویریں بھی بنائی جائیں گی۔ یہ تصویریں جاندار اور بے جان چیزوں کی ہوں گی۔ مثال کے طور پر A سے Apple/Ant کی تصویر بنائی جا سکتی ہے۔)

## حساب کی سرگرمی

(بچے ہر پیج پر ترتیب سے نمبر لکھیں)

بچے ہر نمبر کے ہجے کرکے یہ دیکھیں گے کہ اس میں کتنے حروف ہیں۔ جیسے کہ


ONE = تین حرف

THREE = پانچ حرف

جب بچے تمام نمبرز ترتیب سے لکھ کر ان کے ہجے کر لیں۔ پھر وہ یہ دیکھیں گے کہ کتنے نمبرز کے ہجے میں، تین ، چار ، پانچ یا اس سے زیادہ حروف ہیں۔ والدین اپنے بچوں کے لئے ایک ٹیبل بھی بنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر

<table>
<tr><th colspan="3">تین حرف</th><th colspan="3">چار حرف</th><th colspan="3">پانچ حرف یا اس سے زیادہ</th></tr>
<tr><td>نمبر</td><td>گنتی</td><td>کُل</td><td>نمبر</td><td>گنتی</td><td>کُل</td><td>نمبر</td><td>گنتی</td><td>کُل</td></tr>
<tr><td>One, Two, Six, Ten</td><td>||||</td><td>4</td><td>Four, Five, Nine Four, Five, Nine</td><td>|||</td><td>3</td><td>Three, Seven, Eight, Eleven, Twelve</td><td>𝍸</td><td>5</td></tr>
</table>






# دوسرے دن سے لے کے پانچویں دن تک

## دن کا آغاز

20 منٹ

بچوں کو گرم جوشی سے دن کے آغاز پر خوش آمدید کریں اور پچھلے دن کے سیکھے گئے حروف کو ایک گانے کے انداز میں دہرائی ”A,B,C,D,E,F,G,H“. بچوں کو گرم جوشی سے دن کے آغاز پر خوش آمدید کریں اور پچھلے دن کے سیکھے گئے حروف کو ایک گانے کے انداز میں دہرائی۔ دہراتے رہیں جب تک آپ سب ایک آواز اور سُر میں نہ گاہیں۔

تیسرے دن کا گانا ”A,B,C,D,E,F,G,H,I,J,K,L“,

چوتھے دن کا گانا ”A,B,C,D,E,F,G,H,I,J,K,L,M,N,O,P,Q,R“

پانچویں دن کا گانا ”A,B,C,D,E,F,G,H,I,J,K,L,M,N,O,P,Q,R,S,T,U,V,W,X“,

چھٹے دن کا گانا ”A,B,C,D,E,F,G,H,I,J,K,L,M,N,O,P,Q,R,S,T,U,V,W,X,Y,Z“

پچھلے دن کے سبق کی نظر ثانی کرنے کے لئے بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

1. کل آپ نے کون سے حروف سیکھیں؟
2. کل آپ نے کتنی تصویریں بنائیں؟ کیا آپ نام لے کر ہمیں بتا سکتے ہیں؟
3. کل آپ نے تصویر بنانے کے کون کون سے رنگین پنسل استعمال کی؟
4. اب تک آپ کی کتاب میں آپ نے کتنے حرف مکمل کر لیے ہیں؟

# آج مزید حروف تہجی بنائیں

40 منٹ

- بچے روزانہ چھ حروف سیکھیں گے
- دوسرے دن بچے G H I J K L سیکھیں گے
- تیسرے دن بچے M N O P Q R سیکھیں گے
- چوتھے دن بچے S T U V W X سیکھیں گے
- پانچویں دن بچے Y اور Z سیکھیں گے
- بچے ہر حرف کا چھوٹا اور بڑا حرف لکھیں گے۔ (Bb,Aa.)
- بچے ہر حرف سے شروع ہونے والے دو لفظ سوچیں گے ایک جاندار اور ایک بے جان اگر بچے اب تک لکھائی کی صلاحیت نہیں رکھتے تو والدین ان کے لیے یہ الفاظ نقطوں کی صورت میں لکھ سکتے ہیں اور بعد میں بچے انہیں ٹریس کر کے اپنی لکھائی کی مشق کر سکتے ہیں۔
  (Cc: Cat / Cupcake)
- بچے ہر لفظ کو اپنی طرف متوجہ اور رنگ لائیں گے۔ (D سے Door اور Dog کی تصاویر)
- بچے ہر صفحے کے آخر میں صفحہ نمبر لکھیں گے۔ (1، 2، 3، ...)

# چھٹا دن

## دن کا آغاز

20 منٹ

بچوں کو پروجیکٹ کے آخری دن پر گرم جوشی سے خوش آمدید کرے اور ان کو اپنے پہلے کتاب مکمل کرنے پر ڈیر ساری مبار کباد دیں۔ آپ کی شاباشی سے بچوں کی بہت زیادہ حوصلہ افزائی ہو گی اور ان کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو گا۔ ان کے ساتھ مل کر کتاب کا ہر صفحہ دیکھیں اور یہ ضرور بولے کہ آپ کو ان کی محنت پر فخر ہے۔

بچوں سے چند سوالات بھی پوچھے جیسے کہ

1. آپ کو یہ پروجیکٹ کیسا لگا؟
2. کیا کوئی ایسی چیز ہے جو آپ کو سمجھ نہیں آئی اور آپ سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟
3. جو لفظ آپ نے اس کتاب میں لکھے ہیں کیا آپ ان کو ہجے آسانی سے کر سکتے ہیں؟

مزید بچے مندرجہ ذیل ہدایات دے سکتے ہیں۔

- جب تک آپ یکجہتی کے ساتھ گانے کا آغاز نہ کریں تب تک تمام نصابات کو گائیں اور دہرائیں۔
- کتاب میں موجود تصویروں کو اونچی آواز میں ہجے کریں، اور اگر گھر میں کچھ بھی موجود ہیں تو بچہ کو وہ ڈھونڈنے کا کہیں اور لا کر میز پر رکھیں۔ مثال کے طور پر اگر چمچ کی کوئی تصویر ہے تو بچہ باورچی خانہ جا کر چمچ لا کر ٹیبل پر رکھ دے۔

بچوں کی مسلسل حوصلہ افزائی کرتے رہیں اور صحیح جواب پر تالیاں بجا کر ان کی خود اعتمادی بڑھائیں

# عنوان منتخب کریں اور کتاب مکمل کریں

40
منٹ

اب بچے اپنی کتاب کا کور پیج بنائیں گے۔

1. بچے اپنی کتاب کے عنوان کے بارے میں سوچیں گے جو کہ ان کی کتاب کی صحیح عکاسی کرے۔ جیسے میرے حرف تہجی کی کتاب یا اے بی سی میری طرف سے
2. بچے کتاب کے کور پیج پر تصویریں بنا کر اس کو اور بھی خوبصورت بنا سکتے ہیں۔ کور پر تصویر ایسی ہونی چاہیے جو کتاب کے مقصد کی صحیح عکاسی کرے۔
3. بچے کور پیج پر مصنف اور مسور کا نام بھی لکھیں گے جو کہ ان کا اپنا نام ہو گا۔

اپنی کتاب مکمل کرنے کے بعد اسے اپنے گھر والوں اور دوستوں کو دکھائیں گے. بچے یہ کتاب سکول لے جا کر اپنے اساتذہ کو بھی دکھا سکتے ہیں اور پوری کلاس کو فخر سے نئے سیکھے ہوئے ہجے اور الفاظ کے بارے میں بھی بتا سکتے ہیں